دفتر کنٹونمنٹ بورڈ کھاریاں کینٹ

نوٹس نیلام عام کرایہ داری بلڈنگ برائے سکول کھاریاں چھاؤنی

ہر خاص و عام کی اطلاع کے لئے مشتہر کیا جاتا ہے کہ کنٹونمنٹ بورڈ کھاریاں چھاؤنی کی بلڈنگ کو سکول کے استعمال کے لئے ماہانہ کرایہ پر مورخہ 31-10-2022 کو بوقت 11:00 بجے دن نیلام کرے گا۔

اہم شرائط مندرجہ ذیل ہیں۔ اور دیگر شرائط کسی بھی دن اوقات کار کے دوران دفتر کنٹونمنٹ بورڈ کھاریاں میں دیکھی جا سکتی ہیں۔

1۔ بولی میں حصہ لینے والا شخص / کنٹریکٹر اچھی شہرت کا حامل ہونا چاہیئے اور کسی بھی ادارے یا کمپنی کا نادہندہ نہ ہو۔

2۔ نیلامی میں حصہ لینے والے اشخاص اپنے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی دفتر ہذا میں بولی شروع ہونے سے قبل جمع کرائیں گے۔

3۔ نیلامی میں حصہ لینے والے خواہشمند حضرات کو زرضمانت مبلغ پانچ لاکھ روپے بحق کنٹونمنٹ ایگزیکٹیو آفیسر کھاریاں قبل از بولی جمع کروانا ہوگی جو بولی کے بعد کامیاب بولی دہندہ پہلے، دوسرے اور تیسرے کے علاوہ تمام حضرات کو واپس کر دی جائے گی۔

4۔ کامیاب بولی دہندہ کو بولی ختم ہوتے ہی چھ ماہ کا کرایہ بطور سیکورٹی موقع پر جمع کروانا ہوگی۔

5۔ کامیاب بولی دہندہ کی ناکامی کی صورت میں دوسرے نمبر پر زیادہ بولی دہندہ کو "Highest Bld" پر ٹھیکہ لینے کی پیشکش کی جائے گی اگر وہ بھی ایسا کرنے میں ناکام رہا تو تیسرے نمبر پر زیادہ بولی دینے والے کو Highest Bld پر ٹھیکہ لینے کی پیشکش کی جائے گی واضح رہے کے موقع پر مذکورہ بالا بولی کی ادائیگی میں ناکام رہنے والے بولی دہندہ کا زرضمانت بحق کینٹونمنٹ بورڈ کھاریاں ضبط کر لیا جائے گا۔ جبکہ دیگر بولی دہندگان کا زرضمانت واپس کر دیا جائے گا۔

6۔ کرایہ داری کی ابتدائی مدت 5 سال کے لیے ہوگی۔ ہر سال 10% کے حساب سے کرایہ میں اضافہ کیا جائے گا۔ اور کرایہ داری کی تجدید مارکیٹ کرایہ کے حساب سے یا کم از کم 10% کرایہ میں اضافہ کے ساتھ ہوگی۔

7۔ کرایہ داری کے حقوق ناقابل انتقال ہیں اور اس کے لیے باقاعدہ ایگریمنٹ سائن کیا جائے گا۔

8۔ بلڈنگ صرف سکول کے لئے استعمال ہوگی۔

9۔ کسی دوسرے شخص کی طرف سے بولی میں حصہ لینے کیلئے متعلقہ شخص کی طرف سے مختار نامہ اور کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی کاپی مہیا کرنی ہوگی۔

11۔ بولی کی حتمی منظوری بورڈ کے منظوری کے تابع ہوگی۔

12۔ کرایہ دار وفاقی اور صوبائی حکومت کی طرف سے عائد تمام ٹیکسز / واجبات ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

13۔ بلڈنگ میں موجود تمام تنصیبات و کنکشن بجلی، سوئی گیس وغیرہ کو اچھی حالت میں رکھے گا۔ اور متعلقہ محکمہ کے یوٹیلٹی بلز باقاعدگی سے ادا کرے گا۔

14۔ کرایہ دار ہر ماہ کی دس تاریخ تک کرایہ ایڈوانس جمع کروانے کا پابند ہوگا۔

15۔ کینٹونمنٹ بورڈ پبلک اونر 2004 کی شق نمبر A-33 کے تحت کسی بھی بولی کو وجہ بتا کر منظور یا مسترد کر سکتا ہے

16۔ کامیاب بولی دہندہ پر لازم ہوگا کہ کینٹ بورڈ کھاریاں سے وقتاً فوقتاً جاری ہونے والے احکامات کی حسب ضابطہ پابندی کرے گا۔

17۔ دیگر معلومات کے لیے کسی بھی وقت دفتری اوقات کار میں مذکورہ نمبر پر رابطہ کیا جا سکتا ہے 053-9240026

نوٹ:۔ مقررہ تاریخ کو بولی نہ ہونے / مسترد ہونے کی صورت میں یا خاطر خواہ نتائج نہ ملنے کی صورت میں دوبارہ بولی مورخہ 01-11-2022 کو ہوگی اور اگر اس تاریخ کو بھی بولی نہ ہوئی تو پھر سہ بارہ بولی مورخہ 02-11-2022 ہوگی اور اس کے بارے میں کوئی علیحدہ اشتہار نہ دیا جائے گا۔

(حیدر شجاع)

کنٹونمنٹ ایگزیکٹیو آفیسر کھاریاں کینٹ

Scanned with CamScanner